Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۰ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۸ ذیقعدہ سنہ ۱۳۳۹ھ مطابق ۲۵ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء | جلد ۳۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بابت گمشدگی مہر۔	۱ و ۲
۲	تقرر منشی رچپال بی اے	۲
۳	رخصت اسسٹنٹ انجینیر برقی روشنی۔	"
۴	رخصت سپرنٹنڈنٹ میونسپلٹی۔	"
۵	رخصت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر۔	"
۶	نسبت روئداد جنرل کمیٹی مرچپلی۔	۲ و ۳
۷	بابت اضافہ گان و بیدی وغیرہ۔	۳ و ۴
۸	نقشہ نرخنامہ اجناس و نقشہ بارش	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

گمشدگی مہر

۱۴ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

مثنہ عرضی مسماۃ ملکہ بیگم باطلاع گمشدگی مہر خود بعد وصول تنخواہ باقی وکندہ کرائی جانے مہر جدید شعر اسکہ مہر جدید سے تنخواہ دئے جایا کرے سررشتہ دیوانی صاحب صدر کو اطلاع فرمائی جائے۔ نیز ... جرا اکثر دگان خزانہ سے ہوتے رہتے ہین، اسوجہ سے گمشدگی مہر کا اعلان ہوجائے

اور ۱۱ مئی سنہ ۱۹۲۱ء کے بعد اگر کوئی رقعہ وغیرہ اُس مہر کا ہو تو جعلی قرار پائیگے
مہر جدید مین سنہ ۱۹۲۱ء و سنہ ۱۳۳۹ھ کندہ ہین۔

حسب استدعا رسالہ جدید مہر سے تنخواہ ملنے کے متعلق سررشتہ دیوانی مین اطلاع دیگئی۔

تقرر

۱۵ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

حسب عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر رام رچپال بی اے کا تقرر ہائی اسکول مین بمشاہرہ ساٹھ روپیہ ماہوار بجائے ماسٹر شمس الغنی خان بی اے مستعفی بمشاہرہ وار ساٹھ روپیہ ماہوار کے منظور فرمایا گیا۔

رخصت

۱۸ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

بندہ مہدی کی رخصت صاحب اسسٹنٹ انجنیر برقی روشنی کی بوجہ انتقال والدہ یوم الیسی ۱۳ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء سے منظور فرمائی گئی۔

۱۰ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

سید علمدار حسین سپرنٹنڈنٹ میونسپلٹی کی مزید رخصت بیس روز کی بانتظام موجودہ منظور فرمائی گئی۔ اور دس روپیہ ماہوار الاونس صاحبزادہ سید توسل حسین خان بہادر کو بدستور ملیگا۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۸ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

حاجی محمد ہادی حسن خان پرائیوٹ سکریٹری بہادر کی رخصت ختم ہوگئی۔ لہذا تین ماہ کی رخصت مزید بانتظام موجودہ منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر واقع ۱۸ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

روئداد جنرل کمیٹی منعقدہ ۳ جون سنہ ۱۹۲۱ء پیش ہوکر ملاحظہ ہوئی۔ ہر ایک امر کی بابت نمبروار بفصلۂ ذیل تجویز کیا جاتا ہے۔

(۱) عبد الحکیم یکہ والے کا لائسنس ہمیشہ کے لئے ضبط کیا جائے۔ اور یکہ و جانور چھوڑدیا جائے۔ اور جمعدار ستغنہ یکہ و شکرم کو ہدایت کیجائے کہ اس قسم کے وقوعہ کی آئندہ فوراً رپورٹ کیجایا کرے

۲ و ۳ و ۹ لغایت ۱۴ ملاحظہ ہوا۔

۴ و ۵ و ۶ و ۷ اصل کاغذات پر حکم صادر ہوچکا ہے۔

(۸) اس معاملہ مین کوئی کارروائی کرنا فی الحال مناسب نہین معلوم ہوتا لہذا

حکم ہوا کہ

نقل روئداد کمیٹی اطلاعاً و تعمیلاً خدمت مین میونسپل افسر صاحب مرسل ہو۔ اور نقل انتخاب روئداد کمیٹی نمبر (۱) برای اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

روئداد جنرل میونسپل کمیٹی منعقدہ ۳ جون سنہ ۱۹۲۱ء عالیجناب صاحب ہوم سکریٹری بہادر پریسیڈنٹ کمیٹی

ممبر صاحبان غیر ملازمین	ممبر صاحبان ملازمین
۱۔ مبارک علیخانصاحب جاگیردار	۱۔ صاحبزادہ سید قدرت علیخان صاحب بہادر میونسپل افسر
۲۔ مولوی اعجاز حسین صاحب وکیل	
۳۔ لالہ ہرنام سنگھ صاحب ممبر حلقہ	
۴۔ ساہو شب چرنداس صاحب ممبر حلقہ	
۵ لالہ منی لال صاحب ممبر حلقہ	
۶۔ عطاء اللہ خانصاحب ممبر حلقہ	
تجویزات کمیٹی	امور تصفیہ طلب
یہ مثل جنرل میونسپل کمیٹی پیش ہوئی۔	۱۔ مثل عبد الحکیم خان مالک یکہ نمبر ۹۳

بابت ضبطی لائسنس و نیلام کیے جانور بے عزت کرنے مسماۃ نامعلوم۔

شل متعلقہ کا جلسہ کمیٹی میں معائنہ کیا گیا شل میں کسی قسم کا ثبوت تحریری نہیں ہے اور نہ مسماۃ دعویدار ہے۔ اور نہ ضابطہ کی کوئی رپٹ اس وقوعہ کی تحریر ہوئی ہے بلا کسی ثبوت کے ایسی سخت سزا نیلام کیے جانور دینا نامناسب معلوم ہوتا ہے عبدالحکیم خان کہ والی رپٹ بہ چلتی ہے تو مسیبتی کو فرض ہے کہ ہمیشہ کو لائسنس ضبط کرے۔ لہذا بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ لائسنس ہمیشہ کے لئے ضبط ہو چکا جو حکم ۲۳ فروری سنہ ۱۹۲۱ء نمبری ۱۰۲۶ اجلاس اعلیٰ سے نافذ ہو چکا ہے۔ یہ سزا کافی ہے۔ لائسنس کی ضبطی کی کارروائی ہونا چاہئے۔ اور کہ جانور چھوڑ دیا جائے۔ جمعدار ستیہ شکرم کو برائے آئندہ ہدایت کر دیجائے۔ کہ اس قسم کے وقوعہ کی فوراً رپورٹ ضابطہ پیش کیجائے

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۱۶ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

مع نقل نوٹ ناظم صاحب بابت ترمیم قانونی دفعات دستور جامدیہ متعلقہ اضافہ لگان و بیدخلی وغیرہ باظہار سہولت کاروائی موقع تاویلات اندراج گزٹ کے لئے ایک نقل مطبع سرکاری کو بھیجی جائے۔ اصل واپس ہو

صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

نوٹ ناظم صاحب

استصواب حاکم صاحب صدر رقمزدہ ۲۸ فروری ۱۹۲۱ء و ۲ مارچ ۱۹۲۱ء کو جو خلاصہ یادداشت استصواب و جواب استصواب اجلاس اعلیٰ جناب صاحب ریونیو سکریٹری بہادر سے قلمبند ہوا ہے۔ ہمراہ یادداشت اعلان جلسہ نیلام ۲ جنوری سنہ ۱۹۱۸ء بطور سرکلر بغرض آگاہی جملہ عاملان مال و وکلاء و رعایا باضابطہ مندرج گزٹ ہونا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ لہذا کاغذات متذکرہ ذریعہ یادداشت ہذا بغرض صدور حکم اندراج گزٹ باجلاس اعلیٰ جناب ریونیو سکریٹری صاحب بہادر پیش ہوں۔ ۲۵ جون سنہ ۱۹۲۱ء

نقل یادداشت اعلان جلسہ نیلام ۲ جنوری ۱۹۱۸ء

۱- بجز اضافہ کے کوئی مالگزار خفیہ طور پر یا برضامندی یا کسی دوسرے پیرایہ میں اضافہ نہ کریگا۔

۲- رقبہ افتادہ و بنجر کے کاشت مستاجر کو کرانے کا اختیار ہے کہ جسطرح پر چاہے کرائے۔

۳- اضافہ مجوزہ اوسطاً سمع گو بنجر ہے۔ لہذا اضافہ پر کوئی گو بنجر چہ مزید قایم نہ ہوگا

۴- پابکا کاشتکاران کی شرح باختیار مستاجر ہے۔

۵- ہمسایان کی اراضی کی پیداوانی تعداد کی صدگرخام پر اضافہ مجوزہ کا اثر نہ ہوگا۔

۶- سال رواں میں جس اصول پر نیلام کیا جاتا ہے اسمیں بیدخلی کاشتکاروں کی ضرورت نہیں ہے۔ یا اگر کسی صورت خاص میں کسی مستاجر کو کسی کاشتکار کی بیدخلی کی ضرورت ہو تو اول اجلاس ہذا سے منظوری حاصل کیجائے۔ بلا منظوری اجلاس ہذا کرائے مقدمہ بیدخلی دائر نہ ہوسکیگا۔ البتہ باقیداری کی حالت میں بیدخلی کرنے اجازت کی ضرورت نہیں ہے۔

۷- بحالت خلاف ورزی دفعات مندرجہ بالا سرکار کو اختیار ہے کہ گاؤں خام کرے یا کوئی اور حکم صادر فرمائے۔

۸- آیندہ مستاجران تحصیل وصول لگان ذریعہ مطبوعہ رسیدات کیا کریں۔

چک بر مسودات صدر سے چھپوا کر بھیجی جائینگی جو مستاجر اس حکم کے خلاف ورزی کرینگے وہ سخت نظر سے دیکھے جائینگے۔

یہ دفعہ دیہات نیلام شدہ جلسہ ہذا اور پہلے کے نیلام شدہ دیہات جلد سے متعلق ہوگی۔

نقل استصواب انچارج حاکم صاحب صدر ذیل مین لکھا جاتا ہے۔ اور بالمقابل ہر نمبر کا جواب توضیحی درج کیا جاتا ہے بخدمت حاکم صاحب موصوف واپس ہو۔ ۲۶ر مارچ سنہ ۱۹۲۱ء

استصواب	جواب استصواب
(۱) کاشتکاران پایکاشت پر جبکہ قبل نیلام موضع بیشتر اضافہ لگان تجویز ہوچکا ہو تو بلا منظوری اجلاس اعلیٰ بربنائے اضافہ متذکرہ بیدخلی دائر ہوسکتا ہے یا نہیں۔	(۱) حصول اجازت ہر حالت مین لازمی ہے۔
(۲) اضافہ لگان مجوزہ بعد اعلان جلسۂ نیلام کا اثر اصلی کاشتکاران و پایکاشتکاران پر کس مدت تک رہیگا	(۲) ہمیشہ رہیگا اور میعاد مستاجری موجودہ تک مزید اضافہ نہو سکیگا۔
(۳) ممانعت بیدخلی بعد یادداشت اعلان نیلام ۲۰ر جنوری سنہ ۱۹۲۱ء مین کارروائی دفعہ ۲۵ و ۲۶ دستور حاکمانہ بھی داخل ہے یا نہیں۔ اور دفعہ ۴۲ دستور حامدیہ کی تمام صورتین بیدخلی سے متعلق رہینگی یا کیا۔	(۳) ممانعت بیدخلی حصول بعد اعلان نیلام کے اثر کو دفعات ۲۵ و ۲۶ و صورتہائے بیدخلی دفعات ۴۳ و ۴۲ دستور حامدیہ سے صرف اسقدر تعلق ہے کہ سوائے بیدخلی بعلت بقایا کے دیگر تمام صورتہائے مذکورہ مین بعد حصول اجازت مطابق دفعات مذکورہ کارروائی ہوگی دفعات ۲۵ و ۲۶ سے اسکو کوئی تعلق نہوگا۔
(۴) حکم ۱۱ر فروری سنہ ۱۹۲۱ء مندرجہ گزٹ نمبر جلد ۲۳ کے اون دیہات مین جنہین کہ دو سال سے مکرّر اضافہ یا کمی لگان کیجاتی ہے ہر کمی و بیشی کا تا منظوری ترمیم دستور حامدیہ کوئی اثر حقوق دخیلکاری پر نہین پڑیگا اس حکم مین اسکی صراحت کی ضرورت ہے کہ کون کون قسم کی کاشتکار مصرحہ دفعہ دستور حامدیہ داخل سمجھی جائیگی۔	(۴) یہ سوال ہی بیجا ہے اسلئے کہ دفعہ و ب الف دستور حامدیہ مین لکھا ہے کہ سولہ سال تک یا اس سے لگان احد قائم رہے تو ایسے کاشتکار کو حق دخیلکاری حاصل ہوگا۔ حکم ۱۱ر فروری سنہ ۱۹۲۱ء مندرجہ گزٹ صاف ہے کہ یہ کمی و بیشی اوس حق کے حصول سے مانع نہین ہے

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدا ۱۶ ؍لغایت ۲۲ ؍جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ: تعداد بارش	صدر عالیہ: از ابتدا	تحصیل بلاسپور: تعداد بارش	تحصیل بلاسپور: از ابتدا	تحصیل سوار: تعداد بارش	تحصیل سوار: از ابتدا	تحصیل شاہ آباد: تعداد بارش	تحصیل شاہ آباد: از ابتدا	تحصیل ملک: تعداد بارش	تحصیل ملک: از ابتدا	تحصیل ٹانڈہ: تعداد بارش	تحصیل ٹانڈہ: از ابتدا
۱۶ ؍جولائی سنہ ۱۹۲۱ء یوم شنبہ	۸	۲۱۶	۰	۲۴۲	۰	۲۳۱	۰	۱۸۱	۱۴	۱۵۶	۸	۱۵۹
۱۷ ؍جولائی سنہ ۱۹۲۱ء یوم یکشنبہ	۳۰	۲۴۶	۴	۲۴۶	۱	۲۳۲	۰	۱۸۱	۰	۱۵۶	۱۹	۱۵۸
۱۸ ؍جولائی سنہ ۱۹۲۱ء یوم دوشنبہ	۱۵	۲۶۱	۰	۲۴۶	۲۱	۲۵۳	۱۹	۱۹۹	۳۰	۱۸۶	۳۰	۲۰۸
۱۹ ؍جولائی سنہ ۱۹۲۱ء یوم سہ شنبہ	۰	۲۶۱	۸۲	۳۵۸	۷۲	۳۲۵	۰	۱۹۹	۵	۱۸۲	۰	۲۰۸
۲۰ ؍جولائی سنہ ۱۹۲۱ء یوم چہارشنبہ	۰	۲۶۱	۰	۳۵۸	۰	۳۲۵	۰	۱۹۹	۰	۱۸۲	۲	۲۱۰
۲۱ ؍جولائی سنہ ۱۹۲۱ء یوم پنجشنبہ	۲	۲۶۳	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۳۲۵	۰	۱۹۹	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا
۲۲ ؍جولائی سنہ ۱۹۲۱ء یوم جمعہ	۱۰	۲۷۳	۰	"	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	"	۰	"

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۱۷ ؍لغایت ۲۳ ؍جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

نام جنس	خاص تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰؍۴	۱۰؍۴	۰	۱۰؍۴	۰	۱۰؍۵	
نخود خالص	۱۰؍۴	۱۰؍۴	۰	۱۰؍۵	۰	۱۰؍۵	
نخود کرنیز	۱۰؍۵	۱۰؍۵	۰	۱۰؍۵	۰	۱۰؍۵	
کسیر	۱۰؍۵	۰	۰	۱۰؍۵	۰	۱۰؍۵	
ماش	۱۰؍۳	۱۰؍۳	۰	۱۰؍۳	۰	۱۰؍۳	
مونگ	۱۰؍۲	۱۰؍۲	۰	۱۰؍۲	۰	۱۰؍۳	
مکا	۱۰؍۷	۰	۰	۰	۰	۰	
جئی	۰	۰	۰	۱۰؍۸	۰	۱۰؍۸	
کوجئی	۱۰؍۶	۰	۰	۱۰؍۵	۰	۱۰؍۶	
عدس	۱۰؍۶	۰	۰	۱۰؍۶	۰	۱۰؍۶	
ارہر	۱۰؍۶	۱۰؍۵	۰	۱۰؍۵	۰	۱۰؍۶	
برنج	۱۰؍۳	۱۰؍۳	۰	۱۰؍۳	۰	۱۰؍۴	
روغن زرد	۶ چھٹانک	۱۰؍۰	۰	۱۰؍۰	۰	[illegible]	
روغن سیاہ	۱؍۱	۱؍۱	۰	۱؍۱	۰	۱؍۱	
روغن کنجد	۱؍۱	۱؍۱	۰	۱؍۱	۰	۱؍۲	
نمک سانبھر	۱۳؍۱	۱۲؍۱	۰	۱۰؍۱	۰	۱۱؍۰	
نمک لاہوری	[illegible]	۶؍۱	۰	۵؍۱	۰	۵؍۱	
قند سیاہ	۲؍۱	۲؍۱	۰	۲؍۱	۰	۲؍۱	
باجرہ	۰	۰	۰		۰		